بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں

رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

اللہ کے خوبصورت نام




اللہُ الوَاحِدُ

اللہ ایک ہے




دونوں جہانوں کا مالک۔

اللہ اکیلا ہے اس کے ناموں
اور صفات میں۔



ہم ایک اللہ ہی کی عبادت
کرتے ہیں ۔



ہم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک
نہیں کرتے ہیں ۔

قُلْ هُوَ ٱللَّهُ أَحَدٌ ﴿١﴾ ٱللَّهُ ٱلصَّمَدُ ﴿٢﴾ لَمْ يَلِدْ

وَلَمْ يُولَدْ ﴿٣﴾ وَلَمْ يَكُن لَّهُۥ كُفُوًا أَحَدٌۢ ﴿٤﴾

سورۃ الاخلاص



اللہ ایک ہے۔

اللہ سب سے بے نیاز۔

نہ اس کی کوئی اولاد ہے،
نہ وہ کسی کی اولاد ہے ۔

اس کا ہمسر کوئی نہیں ۔



اللہ کو انسانوں جیسا
ماں باپ بچے نہیں
ہے ۔



صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

ہم کس کی عبادت کرتے ہیں ؟

- اللہ
- اللہ کے سوا دوسرے

واحد عبادت کے لائق کون ہے؟

- اللہ
- اللہ کے سوا دوسرے

قرآن کی کونسی سورت میں "اللہ واحد" بتایا گیا؟

- سورۃ الاخلاص
- سورۃ الناس
- سورۃ الفلق

نیچے دئے گئے کلمہ توحید کو ترتیب میں لکھیں

وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ،

لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ،

لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ

اللہُ الرَّحمٰنُ الرَّحِیمُ

اللہ رحمٰن اور رحیم ہے

اللہ اپنی رحمت سے ہمارے لئے
قرآن نازل فرمایا۔

اللہ اپنی رحمت سے محمد ﷺ
کو رسول بنایا ۔

اللہ اپنی رحمت سے ہمیں پیدا کیا
اور پال رہا ہے۔

اللہ اپنی رحمت سے ہمارے لئے
بارش برسا رہا ہے اور اناج اگاتا رہا
ہے ۔









نبی ﷺ فرمائے : رحم کرنے والوں پر رحمٰن رحم کریگا۔

ابو داؤد:4941

اس حدیث سے ہم کو یہ باتیں معلوم ہوتی ہے۔

صحیح بات پر ✔ کا نشان بنائیں

- ☐ مخلوق پر رحم کرنے سے اللہ کی رحمت ہم پر آتی ہے ۔
- ☐ ہم زندگی میں ایک دوسرے کے ساتھ رحم کرنا چاہیے ۔
- ☐ دین اسلام دین رحمت ہے۔
- ☐ میں رحم کرونگا اور لوگوں کو بھی رحم کرنے کو کہوں گا ۔
- ☐ میں رحم کرونگا لیکن لوگ نہیں کرتے اس لیے میں بھی۔۔۔

صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں

سب سے زیادہ ہم پر کون رحم کرتا ہے؟

- ☐ اللہ جو رحمان و رحیم ہے
- ☐ والدین
- ☐ استاد
- ☐ دوست

ہم کس سے رحم کی دعا مانگے؟

- ☐ اللہ جو رحمان و رحیم ہے
- ☐ والدین
- ☐ استاد
- ☐ دوست

نیچے اللہ کی رحمت کے صحیح جملے پر ✔ کا نشان بنائیں ۔

- ☐ آسمان کو پیدا کیا
- ☐ زمین میں زندگی ڈالی
- ☐ رات اور دن
- ☐ سورج اور چاند
- ☐ قرآن نازل کیا
- ☐ بارش برسایا
- ☐ محمد ﷺ کو رسول بنایا ۔
- ☐ اناج اور غلہ اگایا

اللہ کی رحمت نازل ہونے والے کام کرنا
میں پسند کرتا ہوں۔

اللہُ السَّمِیعُ البَصِیرُ

اللہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے



اللہ ہماری ہر بات سن رہا ہے ۔

ہم اچھی بات کرے یا بری بات کرے۔



ہم دعا کریں یا نہ کریں ۔

بلند آواز میں یا چپکے چپکے مانگے۔

رو کر بولیں یا خوش ہو کر بولیں۔







ہم انسان کہیں یا ساری مخلوق کہیں ۔



ایک کے بعد ایک بولیں یا بایک وقت بولیں ۔



اللہ تو سب ہی کی بات سنتا ہے ۔



سب کو اپنی اپنی دعا کا جواب دیتا ہے ۔



اللہ نے ہمیں کان دئے سننے کے لیے ۔

اللہ کے ہم جیسے کان نہیں پھر بھی وہ سنتا ہے ۔



اللہ ہمیں ہر وقت دیکھ رہا ہے



اچھے کام کرے یا برے کام۔



اچھے دوستوں میں بیٹھیں یا برے دوست۔



لوگوں کے سامنے یا اکیلے چھپ کے کرے۔



خوشی، غصہ، غم، امید ہر حال میں دیکھ رہا ہے ۔

سارے انسان، ساری مخلوق کے حال جانتا ہے ۔



دن ہو یا رات اجالا یا اندھیرے وہ ہمیں دیکھتا ہے ۔

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ

سورۃ الشوری :11

کائنات کی کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں ۔وہ
سب کچھ سننے والا اور دیکھنے والا ہے ۔

اوپر والی آیت میں اللہ کی کن صفات کا ذکر ہوا ہے؟

- [ ] الرحمن
- [ ] السمیع
- [ ] الرحیم
- [ ] البصیر
- [ ] النصیر

نیچے والے جملوں کو صحیح جملے سے جوڑیں

میں اچھی بات بولتا ہوں کیونکہ

میں جھوٹ نہیں بولتا کیونکہ

اللہ مجھے سن رہا ہے ۔

والدین کی بات سنتا ہوں کیونکہ

دوستوں کو تکلیف نہیں دیتا کیونکہ

اللہ مجھے دیکھ رہا ہے ۔

بری چیز نہیں دیکھتا کیونکہ

بہن بھائی دوست کو اچھی باتیں بولتا ہوں کیونکہ

نیچے دیئے گئے جملوں میں صحیح جملے پر ✔ نشان بنائیں

- [ ] میں پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہوں کیونکہ اللہ مجھے دیکھ رہا ہے ۔
- [ ] میں صبح کے اذکار پڑھتا ہوں کیونکہ اللہ مجھے سن رہا ہے ۔
- [ ] ایک شخص دکان سے کوئی نہیں دیکھ رہا ہو تو چوری کر سکتا ہے
- [ ] ہم ہمارے علاقے اور وطن کو صاف رکھتے ہیں کیونکہ اللہ ہمیں دیکھ رہا ہے ۔
- [ ] جب کوئی نہ سن رہا ہو تو غلط بات کہہ سکتے ہیں ۔
- [ ] لوگوں کے ڈر سے اچھی بات سے اجتناب کرنا۔